| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: دعائیں (زبانی) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- علم میں اضافے کی دُعا کو زبانی یاد کر سکیں۔
- دُعا یاد کر کے اپنی روز مرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو دُعا کا مطلب سمجھائیں۔ دُعا کا مطلب ہے ”مانگنا یا پکارنا۔“ انھیں بتائیں ہم جب بھی دُعا مانگتے ہیں تو صرف اللہ تعالیٰ سے مانگتے ہیں اور وہی ہماری دُعائیں سنتا اور قبول کرتا ہے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں علم کے معنی ہیں جاننا، آگاہی۔
- انھیں بتائیں وہ سکول علم حاصل کرنے آتے ہیں۔ طلبہ کو علم کی فضیلت سے آگاہ کریں اور بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے جتنے نبی اور رسول بھیجے ان سب نے علم کی روشنی میں ہی اپنی قوم کو توحید کی دعوت دی۔
- طلبہ کو علم کی اہمیت بتائیں کہ علم ایک ایسی چیز ہے جو انسان کو مہذب بناتا ہے اور اچھے اور بُرے میں تمیز کرنا سکھاتا ہے۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر ۱۶ پر دی گئی دُعا درست تلفّظ سے پڑھوائیں۔
- انھیں یہ دُعا تجوید کے ساتھ تین سے چار مرتبہ پڑھائیں تاکہ انھیں زبانی یاد ہو جائے۔

- تختۂ تحریر پر علم میں اضافے کی دُعا کا معنی و مفہوم تحریر کریں اور طلبہ کو بتائیں کہ ملک و قوم کی ترقی کا انحصار تعلیم پر منحصر ہے علم کی بدولت ہی انسان ترقّی کی منزلیں طے کرتا ہے اور کامیابیاں حاصل کرتا ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

علم میں اضافے کی دُعا طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنے والدین یا گھر میں کسی بڑے کی مدد سے علم میں اضافے کی دعا یاد کرنے کی مشق کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

صفحہ نمبر ۱۶ پر دی گئی سرگرمی حل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: دعائیں (زبانی) |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- علم میں اضافے کی دُعا کو زبانی یاد کر سکیں۔
- دُعا یاد کر کے اپنی روزمرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو دُعا مانگنے کی افادیت سے آگاہ کریں اور ان سے علم میں اضافے کی دُعا زبانی سنیں۔ طلبہ کو بتائیں علم ہی کی بدولت انسان کو فرشتوں پر برتری حاصل ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اس دُعا کو اللہ تعالیٰ سے اپنے علم میں اضافے کے لیے پڑھا کرتے تھے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۱۶ کھولنے کی ہدایت کریں۔
- استاد پہلے خود دُرست تلفّظ کے ساتھ علم میں اضافے کی دُعا پڑھیں۔
- اس کے بعد طلبہ کو تین سے پانچ بار تجوید کے ساتھ پڑھائیں۔
- جن بچوں کو پڑھنے میں دِقّت آ رہی ہو ان کی راہ نمائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں یہ دعا اللہ تعالیٰ نے ہمیں قرآن پاک میں سکھائی ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ خود بھی دُعا مانگا کرتے تھے اور ہمیں بھی اس کی تعلیم دی ہے لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اس دُعا کو زبانی یاد کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کو درست تجوید کے ساتھ علم میں اضافے کی دُعا پڑھائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

متفرق طلبہ سے علم میں اضافے کی دُعا سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

والدین یا گھر میں کسی بڑے کی مدد سے دُعا زبانی یاد کرنے کی مشق کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں دُعا زبانی سنانے کا مقابلہ کروایا جائے اور دُرست تجوید کے ساتھ زبانی دُعا سنانے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: سَلام کرنا |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سَلام کرنا سنّتِ رسول ﷺ ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب، ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آپ خاتم النبیین ﷺ کی پیاری اور اچھی عادات کو سنّت کہتے ہیں۔ طلبہ سے باری باری ایک ایک سنّت کے بارے میں پوچھیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کے لیے انھیں شاباش دیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر ۴۳ کھولنے کی ہدایت کریں۔ پہلے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو سبق ''سَلام کرنا'' کا مختصر تعارف دیں انھیں بتائیں سَلام کرنا ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ کی پیاری سنّت ہے اور اس کے معنی سَلامتی کے ہیں۔
- انھیں آگاہ کریں کہ جب بھی دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں تو انھیں سب سے پہلے سَلام کرنا چاہیے۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

  اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ  ترجمہ: ''آپ پر سَلامتی ہو۔''
- طلبہ کو بتائیں اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کے جواب میں وَعَلَیْکُمُ السَّلَام کہنا چاہیے جس کے معنی ہیں آپ پر بھی سَلامتی ہو۔
- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: سَلام ہر مسلمان کو کرنا چاہیے، خواہ اُسے پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو۔ (صحیح بخاری: ۹۲۱)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سُنت | سُن۔نَت | وہ طریقہ جس پر رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے عمل کیا ہو۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے پہلے سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو سلام کرنے کی عملی مشق کروائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: رنگ بھریں اور معنی لکھیں۔




معنی: ____________________________________________